# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 13 April 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۳؍ اپریل ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **لوک سبھا چُناؤ کے تیسرے مرحلے کا آغاز ‘ عثمان آباد میں36 ؍ اور لاتور میں43 ؍درخواستیں موصول**

☆ **ریاست میں100 ؍سال سے زیادہ عمر کے56 ؍ہزار ووٹرس ‘ ہنگولی اور پربھنی میں گھر سے ووٹ دینے کی سہولت کی تیاریاں مکمل**

☆ **انتخابات کے کام کاج میں لاپروائی کرنے کی پاداش میں دھاراشیو کے2 ؍ملازمین معطل اور**

☆ **مراٹھواڑے میں ایک بار پھر بے موسم بارش**

**اب خبریں تفصیل سے...**

لوک سبھا چُناؤ کا تیسرا مرحلہ کل سے شروع ہو چکا ہے۔ اِس مرحلے میں ریاست کے عثمان آباد اور لاتور سمیت رائے گڑھ ‘ بارامتی ‘ شولاپور ‘ ماڈھا ‘ سانگلی ‘ ساتارا ‘ رتناگیری ‘ سندھودُرگ ‘ کولہاپور اور ہات کڑ نگلے اِس طرح 11؍حلقوں میں رائے دہی کی جائے گی۔

اِن سبھی حلقوں میں آئندہ 19؍اپریل تک پرچہ نامزدگی داخل کی جاسکتی ہے۔ 20؍اپریل کے روز کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ 22؍اپریل پرچہ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ خیال رہے کہ مذکورہ حلقوں میں آئندہ 7؍مئی کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔

شولاپور اور ماڈھا لوک سبھا حلقہ انتخابات میں کل پہلے دن 77؍امیدواروں کی جانب سے 122؍درخواستیں داخل کی گئی۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ کل پہلے دِن عثمان آباد میں 18؍افراد نے 36؍ اور لاتور میں 20؍افراد نے 43؍درخواست فارمس حاصل کیے ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں 100/سال سے زیادہ عمر کے 56/ہزار 840/رائے دہندگان آباد ہیں۔ خیال رہے کہ چُناؤ کمیشن نے 85/سال سے زیادہ عمر کے ووٹرس کو گھر بیٹھے ووٹ دینے کی سہولت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

***** ***** *****

ہنگو لی لوک سبھا حلقے میں ایک ہزار 258/رائے دہندگان کو گھر سے ووٹ دینے کی سہولت دی جائے گی۔ اِن میں ایک ہزار 20/بزرگ شہریان 226/معذور اور لازمی خدمات کے 12/ رائے دہندگان کا شمار ہے۔ اِن ووٹرس کے لیے 14/سے 16/ اپریل نیز 20/ اور 21/ اپریل اِس طرح 2/مرحلوں میں رائے دہی وفود گھر جا کر اندراج کریں گے۔

***** ***** *****

پربھنی لوک سبھا حلقے میں کُل ایک ہزار 625/رائے دہندگان کا گھر سے ووٹ دینے کے لیے اندراج کیا جائے گا۔ اِن میں 85/سال سے زیادہ عمر کے ایک ہزار 395/ووٹرس اور 231/معذور رائے دہندگان کا شمار ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا چُناؤ کے کام کاج میں لاپروائی برتنے اور غیر حاضر رہنے کی پاداش میں دھاراشیو ضلعے میں تلجا پور تعلقے کے 2/ملازمین کو معطل کر دیا گیا ہے۔ سب ڈویژنل پولس آفیسر نِلیش دیشمکھ کی رپورٹ پر ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر ڈاکٹر سچن اومباسے نے مذکورہ معطلی کا حکم جاری کیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے مُدکھیڑ میں ایک روزنامہ کے نمائندے پر فیک نیوز شائع کرنے کے معاملے میں فرد جرم درج کیا گیا ہے۔ حقیقت کے برخلاف گمراہ کن خبر شائع کرنے کی پاداش میں اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر کلدیپ جنگم نے مُدکھیڑ پولس تھانے میں یہ معاملہ درج کروایا ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا چُناؤ کے پیش نظر آکاشوانی نے '' لوک نرنئے مہاراشٹر چا '' نامی خصوصی پروگرام شروع کیا ہے۔ یہ پروگرام شام سوا سات بجے نشر کیا جاتا ہے۔ اِس پروگرام کی آج نشر ہونے والی قسط میں آپ بلڈھانہ لوک سبھا حلقہ انتخاب کا جائزہ سن سکیں گے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے مراٹھواڑہ اور ودربھ میں بے موسم بارش کی وجہ سے ہوئے نقصانات کے پنچ نامے جلدازجلد کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ کل ایوت محل میں صحافتی کانفرنس میں مخاطب تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے پانی اور چارے کی قلت پر بھی توجہ دینے کو کہا ہے۔

اِسی دوران چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے سلوڑ تعلقے میں کل دوسرے دِن بھی طوفانی ہواؤں کے ساتھ بے موسم بارش ہوئی۔ اِس بارش کی وجہ سے پیاز اور دیگر فصلوں کا بہت نقصان ہوا ہے۔

پیٹھن تعلقے کے ٹاکلی عنبڑ میں کل بجلی گرنے سے ایک کاشتکار کی موت واقع ہوئی۔ اِسی طرح سلوڑ تعلقے کے اُن ڈن گاؤں میں بھی بجلی گرنے سے ایک نوجوان جاںبحق ہوگیا۔ بیڑ ضلعے کے گیورائی شہر کی سرحد پر آباد منیار واڑی علاقے میں کل بجلی گرنے سے ایک خاتون کی موت واقع ہوگئی اور 15 ر سالہ لڑکا شدید زخمی ہوگیا۔ جالنہ شہر سمیت ضلعے کے کچھ علاقوں میں بھی کل طوفانی ہواؤں کے ساتھ بے موسم بارش ہونے کی خبر ہے۔ ناندیڑ ضلعے میں کل ہوئی بے موسم بارش کی وجہ سے اردھاپور ' مدکھیڑ 'لوہا ' بھوکر وغیرہ تعلقے میں پھلوں کے باغات سمیت دیگر فصلوں کو بھی بہت نقصان پہنچا ہے۔

اِسی دوران محکمہ موسمیات کی اطلاع کے مطابق آج بھی وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑے کے کچھ حصوں میں بادلوں کی گھن گرج کے ساتھ بارش ہونے کا اندیشہ ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آ کاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

لاتور تعلقے کے ہرنگل کی رہنے والی بھاگیہ شری سوریہ کانت سوڈے نامی دوشیزہ کو 30 ر مارچ کے روز پونا سے اِغوا کرکے قتل کردیا گیا تھا۔ اِس سانحہ کی مذمت میں کل لاتور میں خاموش جلوس نکالا گیا۔ اِس موقعے پر مجرمین کو جلدازجلد گرفتار کرکے یہ معاملہ فاسٹ ٹریک عدالت میں چلانے کا مطالبہ کیا گیا۔ اِس مورچے میں شہر کی متعدد تنظیمیں اور شہریان کثیر تعداد میں موجود تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے پانی کی قلت کو مدنظر رکھتے ہوئے متعلقہ افسران کو پینے کے پانی کے وسائل اور روزمرہ کی پانی کی ضرورت کو ذہن میں رکھتے ہوئے پانی فراہمی کی منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ کل تعلقہ سطح پر منعقدہ افسران کی میٹنگ میں اظہارخیال کر رہے تھے۔ اُنھوں نے کہا کہ تعلقہ سطح پر تیار کیا جانے والا یہ منصوبہ جون مہینے کے آخر تک محیط ہونا چاہیے۔ کلکٹر صاحب نے مزید کہا کہ ضلع میں پانی کی قلت کو روکنے کے لیے پانی کی بھرپائی اور گال نکالنے جیسے کاموں کو ترجیحی بنیاد پر انجام دیا جائے۔ تاکہ آئندہ سال پانی کی قلت پیدا نہ ہوں۔ جناب دلیپ سوامی نے جانوروں کے چارے کی دستیابی کے لیے بھی منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحیب امبیڈکر کی جینتی کی مناسبت سے دھاراشیو میں سمتا فورٹ نائٹ منایا جا رہا ہے۔ 2/ہفتوں پر مشتمل یہ پروگرام گزشتہ 10/اپریل سے شروع ہو چکا ہے جو کہ آئندہ 25/اپریل تک جاری رہے گا۔ اِس پروگرام کا نظم ضلع کاسٹ سرٹفکیٹ جانچ کمیٹی دفتر کی جانب سے کیا گیا ہے۔ اِس پروگرام کے تحت طلباء کو آن لائن درخواست داخل کرنے اور کاسٹ سرٹیفکیٹ جاری کرنے سے متعلق معلومات دی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

بھیم۔جیوتی جنم اُتسو کی مناسبت سے بیڑ ضلعے کے گیورائی میں واقع را بھ اٹل کالج کے دالان میں تقریباً 20/ہزار بیاضوں کو جوڑ کر ڈاکٹر بابا صاحیب امبیڈکر کی تصویر بنائی جائے گی۔ آج صبح اِس کی تیاری کا آغاز کیا جائے گا۔

***** ***** *****

مہاتما جیوتی راؤ پھلے اور بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحیب امبیڈکر کی جینتی کی مناسبت سے چھترپتی سنبھاجی نگر میں مختلف پروگرامس کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اِسی سلسلے میں میونسپل کارپوریشن کی جانب سے منعقدہ لیکچر سیریز میں کل ملند ملٹی پرپز ہائی اسکول کے صدر مدرس دھننجے کمار تلک نے بابا صاحیب امبیڈکر کے خیالات پر روشنی ڈالی۔ اِسی طرح میونسپل کارپوریشن کے منتظم جی شری کانت نے حاضرین سے بابا صاحیب کے خیالات پر عمل درآمد کر کے اُس کی حفاظت کرنے کی توقع ظاہر کی۔

***** ***** *****

لوک سبھا چناؤ میں رائے دہی کا تناسب بڑھانے کے مقصد سے ناندیڑ ضلع انتظامیہ مختلف اقدام کررہا ہے۔ اِسی تناظر میں کل حدگاؤں تعلقے میں تامسا کے ضلع پریشد اسکول میں مشاعرہ اور اِسکٹ کے ذریعے عوام کو رائے دہی کی ترغیب دی گئی۔ اِس موقعے پر ضلع پریشد کی خصوصی کارگذار افسر نیز سویپ کی سربراہ مینل کرن وال نے شہریان سے خطاب کرتے ہوئے رائے دہی کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

اپنا فرض سمجھ کر چناؤ کا کام کریں۔ بیڑ حلقہ انتخاب کی ریٹرننگ افسر دیپا مُدھوڑ منڈے نے متعلقہ افسران وملازمین سے یہ اپیل کی ہے۔ وہ کل تمام اسمبلی حلقوں کے رائے دہی مراکز کے ذمہ داران اور چناؤ افسران کے تربیتی اجلاس میں ویڈیو کانفرنسگ کے توسط سے مخاطب تھیں۔

***** ***** *****

قومی لیگل سروِس اتھاریٹی اور مہاراشٹر لیگل سروِس اتھاریٹی کے حکم پر ناندیڑ میں آئندہ 5 رمئی کے روز قومی لوک عدالت قائم کی جانے والی تھی لیکن لوک سبھا انتخابات اور دیگر وجوہات کی بناء پر یہ قومی لوک عدالت اب 27 رجولائی کے روز منعقد کی جائے گی۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **لوک سبھا چناؤ کے تیسرے مرحلے کا آغاز ‘ عثمان آباد میں 36 ر اور لاتور میں 43 ر درخواستیں موصول**
- ☆ **ریاست میں 100 رسال سے زیادہ عمر کے 56 ر ہزار ووٹرس ‘ ہنگولی اور پربھنی میں گھر سے ووٹ دینے کی سہولت کی تیاریاں مکمل**

**اور**

- ☆ **مراٹھواڑے میں ایک بار پھر بے موسم بارش**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆